سوال

(340)غائبانہ نمازجنازہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ کے شہر گوجرانوالہ کے ایک مولانا صاحب ہمارے علاقے میں آئے اور کہا کہ غائبانہ نمازجنازہ جائز نہیں آپ قرآن وسنت کی روشنی میں رہنمائی کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

غائبانہ نمازجنازہ درست ہے خواہ شہید کی ہو خواہ غیر شہید کی رسول اللہ ﷺ نے نجاشی کی نمازجنازہ پڑھی اور شہداء احد کی آٹھ سال بعد نمازجنازہ پڑھی۔(بخاری۔کتاب المغازی۔باب غزوۃ احد) جو دونوں ہی غائبانہ ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

جنازے کے مسائل ج1ص256

محدث فتویٰ